خطبۂ جمعہ | حضرت مہتمم صاحب دامت برکاتہم کا خطبۂ جمعہ اگر بالالتزام آتا رہے تو نہایت مفید رہیگا۔ اور اس سے خطبا حضرات کو بہت ہی فائدہ پہنچے گا۔ جہاں تک ممکن ہوا ہم الحق کی ترقی کے لئے کوشاں رہیں گے۔ وباللہ التوفیق۔ (مولانا محمد شعیب لاہور)

انشاء اللہ حتی الوسع خطبۂ جمعہ پیش کرنے کی سعی کی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو الحق کے فروغ و اشاعت میں حصہ لینے کا اجر عظیم عطا فرمادے۔ آمین۔ (ادارہ)

اکبر دی گریٹ کا ماڈرن اسلام | الحق کا پرچہ نور افزائے دیدہ و دل ہوا (اکبر دی گریٹ کا ماڈرن اسلام) پر آپ نے کافی شافی لکھا۔ حق تعالیٰ جزائے خیر دیں۔ کہنا چاہیئے کہ میرے منہ سے بات چھین لی۔ فجزاکم اللہ احسن الجزاء وایدکم بنجاعۃ الطاقہ۔ ہو سکے تو اس مضمون کی دو قسطیں کر دیجئے۔ دوسرے حصے میں حضرت مجدد صاحب کی تنقیدیں اور اصلاح احوال کی کوششیں ذکر کیجئے۔ (محمد یوسف ماموں کانجن مدیر بینات کراچی)

● —— آپ کے اداریے یوں تو ماشاء اللہ ہر شمارے میں بہت مفید اور جاندار ہوتے ہیں۔ مگر خاص طور سے اس شمارے کا اداریہ بہت پُر مغز ہے۔ پڑھ کر آپ کے لئے دل سے دعائیں نکلیں —— اللہ کرے زور قلم اور زیادہ۔ (محمد تقی عثمانی مدیر البلاغ کراچی)

● —— آپ کے اداریہ پر صمیم قلب سے دلی مبارکباد پیش خدمت ہے۔ آپ نے نہایت اور ضروری مسئلہ پر بروقت قلم اٹھایا ہے۔ بار بار پڑھا اور حسن ترتیب پر عش عش کر اٹھا۔ الٰہ العالمین الحق کو قوم و ملت کیلئے ہدایت کا مینار بنا کر اسے لوگوں کے دلوں میں جذبۂ حق کا ولولہ پیدا کرنے کا ذریعہ بنا دے۔ (قاضی فضل حیان عمرزئی)

● —— اس مرتبہ کا نقش آغاز خاص طور پر وقتی ضرورت کو باحسن وجوہ پورا کر رہا ہے۔ جزاک اللہ و بارک اللہ —— (غلام محمد بی اے۔ کراچی)

اعلان | انٹرنیشنل تبلیغی مشن انگلستان کے ناظم جناب راؤ شمشیر علی خان صاحب آجکل پاکستان آئے ہوئے ہیں۔ ملنے والے شائقین حسب ذیل پتہ پر ۲۰ رجون تک ملاقات کر سکتے ہیں۔ راؤ شمشیر علی خان۔ حال وارد۔ احمد نگر، تحصیل وزیر آباد۔

مدرسہ تجوید القرآن | بنوں کی مسجد حق نواز خان میں بچوں کو قرآن شریف حفظ و ناظرہ اور علم تجوید کی تعلیم کے لئے مدرسہ قائم کیا گیا ہے۔ مدرسہ طلبا کی ضروریات کا کفیل ہوگا۔ اصحاب ثروت سے تعاون کی امید ہے۔

(قاری حضرت گل مسجد حق نواز خان۔ بنوں شہر)